© rasailojaraid.com



مجموعہ کو اہل علم بالخصوص قرآنیات سے دلچسپی رکھنے والوں نے کافی پسند کیا۔ ادارہ کی قدیم مطبوعات کے بچے ہوئے اسٹاک کی نکاسی کے پیش نظر قرآنی مقالات کے شائقین کو خصوصی رعایت دی جارہی ہے۔ اس کتاب کی اصل قیمت ۶۰ روپے ہے۔ عام خریداروں کو یہ کتاب اب ۴۵ روپے میں دستیاب ہوگی۔ تاجران کتب کو کم از کم پانچ کاپیاں طلب کرنے پر چالیس فیصد کی رعایت دی جائے گی۔ امید کہ قرآنیات سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں گے جو یقیناً ادارہ علوم القرآن کے ساتھ ایک تعاون بھی ہوگا۔

## انسائیکلوپیڈیا آف دی قرآن کی پہلی جلد کی اشاعت

اسلامیات پر کتابوں کی نشرواشاعت کا معروف ادارہ برلِ، لائیڈن (نیدرلینڈ) اس وقت ”انسائیکلوپیڈیا آف دی قرآن“ کے منصوبہ کی تکمیل میں مصروف ہے۔ یہ انسائیکلوپیڈیا پانچ جلدوں پر مشتمل ہوگی۔ اس کی پہلی جلد شائع ہوچکی ہے۔ ۲۰۰۴ء تک اس کی بقیہ جلدوں کی اشاعت کی امید ہے۔ اس میں قرآن مجید کے اعلام، مقامات اور تصورات پر جامع اندراجات دیے گئے ہیں، انگریزی میں یہ انسائیکلوپیڈیا حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کی گئی ہے۔ ہر مقالہ کے آخر میں اس سے متعلق مآخذ کی فہرست بھی مندرج ہے (اخبار تحقیق، اسلام آباد، اکتوبر۔ دسمبر ۲۰۰۱ء)

## انٹرنیٹ پر قرآنی علوم

مجمع الملک الفہد (مدینہ منورہ) قرآن کریم اور اس کے تراجم کی نشرواشاعت کا معروف ادارہ ہے۔ اس ادارہ نے اب انٹرنیٹ کے ذریعہ بھی قرآنی تعلیمات کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ اس کے ذریعہ دنیا کی سات زبانوں (عربی، اردو، انگریزی، فرانسیسی، اسپینی، انڈونیشی، اور ہاؤزا) میں قرآنی علوم کی تشریح وترجمان پیش کی جاتی ہے۔ اس کا ویب سائٹ یہ ہے۔ www.quranComblexorg.ard (اخبار تحقیق اپریل۔ جون ۲۰۰۲ء)

© rasailojaraid.com